شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

22مئی 2026ء

پریس ریلیز

اسرائیل کی ڈکٹیشن پر امریکہ مشرقِ وسطیٰ میں جنگ بندی اور قیامِ امن کا ڈرامہ رچا رہا ہے۔

اسرائیلی وزراءاور کنیسٹ کے ممبران کی سرکردگی میں صہیونی آبادکار مسلسل مسجدِ اقصیٰ کی حرمت کو پامال کر رہے ہیں۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): اسرائیل کی ڈکٹیشن پر امریکہ مشرقِ وسطیٰ میں جنگ بندی اور قیامِ امن کا ڈرامہ رچا رہا ہے۔ اسرائیلی وزراء اور کنیسٹ کے ممبران کی سرکردگی میں صہیونی آبادکار مسلسل مسجدِ اقصیٰ کی حرمت کو پامال کر رہے ہیں۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان، ایران اور عرب ممالک، امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے جنگ بندی اور امن مذاکرات کے دعووں پر اعتماد کرنے کی بجائے اللہ پر مکمل بھروسہ کریں اور یہ دیکھیں کہ مشرقِ وسطیٰ میں بدامنی پیدا کرنے کا اصل ذِمّہ دار کون ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ٹرمپ محض اسرائیل کے ایما پر جنگ بندی اور قیامِ امن کے لیے مذاکرات کا ڈرامہ کر رہا ہے۔ اِس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل غزہ، مغربی کنارے اور لبنان میں مسلمانوں کی نسل کُشی جاری رکھے ہوئے ہے اور وہ کسی صورت ''گریٹر اسرائیل'' کے ابلیسی منصوبے سے دستبردار ہونے کو تیار نہیں۔ پھر یہ کہ آئے دن صہیونی آبادکار نیتن یاہو حکومت کے وزراء اور کنیسٹ کے ممبران کے ہمراہ مسجدِ اقصیٰ پر دھاوا بول کر اُسے نمازیوں کے لیے بند کردیتے ہیں اور مسلمانوں کے قبلۂ اوّل کی بے حرمتی کرتے ہیں۔ غزہ میں امدادی سامان لے کر جانے والے فلوٹیلا پر حالیہ اسرائیلی حملے اور اُس پر سوار نہتے افراد، جن میں سعد ایدھی سمیت چند پاکستانی بھی سوار تھے، کے ساتھ اسرائیلی حکومت کا غیر انسانی سلوک بھی سب کے سامنے رہنا چاہیے۔ اِس صورتِ حال میں مسلم ممالک مذاکراتی ڈھونگ سے دوبارہ دھوکا کھانے کی بجائے آپس میں اتحاد واتفاق پیدا کریں۔ عالمِ اسلام جب اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی مکمل اور غیر مشروط اطاعت کو انفرادی اور اجتماعی سطح پر اپنا اوڑھنا بچھونا بنائے گا، تب اللہ کی مدد بھی اُس کے شاملِ حال ہوگی اور اُسی صورت میں طاغوتی قوتوں کی تمام سازشوں کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے سیاسی، سفارتی، معاشی اور عسکری لائحہ عمل ترتیب دیا جاسکے گا۔ ان شاءاللہ!

جاری کردہ

رضاءالحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت